اللہ تعالی وھّاب و جوّاد ہے

یقیناً اللہ تعالی وھّاب و جوّاد ہے . . .

اے نعمتوں کو عطا کرنے والے . . . اے امیدوں کو باندھے رکھنے والے . . . اے احسان کرنے والے۔

مجھے رضامندی کی دولت عطا فرما۔ . . مجھے امن و امان عطا فرما . . مجھے سعادت و محبت عطا فرما۔

ہم پر احسان و کرم فرما؛ تو ہی جود و کرم اور فضل و عطا کا مستحق ہے۔ {اور ہمیں اپنے پاس سے رحمت عطا فرما، یقیناً تو ہی بہت بڑی عطا دینے والا ہے۔ }(آل عمران: ۸)، &"یقیناً اللہ تعالی کریم ہے، کرم و اچھے اخلاق کو پسند کرتا ہے، اور بد اخلاقی سے نفرت رکھتا ہے&"(اس حدیث کو امام ترمذی نے روایت کیا ہے)

&"الوھّاب&" . . جس کو چاہے عطا کرتا ہے، اور جس سے چاہتا ہے چھین لیتا ہے۔

&"الجوّاد&" . ۔اس کی عطا کی کوئی انتہاء نہیں ہے، اور اس کے احسان کو کوئی روکنے والا نہیں ہے، وہ کسی چیز کو کہتا ہے:{ہوجا، بس وہ وہیں ہوجاتی ہے۔ }(البقرة: ۱۱۷)